نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

گندم کی پیداوار میں اضافہ ملکی فوڈ سیکیورٹی کے لئے ناگریز ہے۔گندم کے کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی کا ضلع گوجرانوالا میں کسان کنونشن سے خطاب

لاہور: 19 نومبر 2022: ۔ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی نے ضلع گوجرانوالا میں گندم کے کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے منعقدہ کسان کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالا میں گزشتہ سال 9لاکھ 70ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کاشت ہوئی جس سے اوسط پیداوار 20 من فی ایکڑ حاصل ہوئی جبکہ صوبہ پنجاب میں گندم کی اوسط پیداوار 30 من فی ایکڑ ہے۔امسال کاشتکار گندم کی کاشت زیادہ رقبہ پر مکمل کریں۔انھوں نے مزید کہا کہ گندم کو منافع بخش بنانے کیلئے بوائی سے قبل ہی اس کی امدادی قیمت بڑھا کر 3000روپے فی 40 کلوگرام مقرر کردی ہے تاکہ کاشتکار گندم کو ایک منافع بخش فصل کے طور پر زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کریں۔انہوں نے کاشتکاروں پر زور دیا کہ گوجرانوالا ڈویژن میں گندم کی زیادہ سے زیادہ رقبے پر کاشت ایک قومی فریضہ کے طور پر کریں اور ایسے رقبے جہاں دھان کی کٹائی کا عمل جاری ہے وہاں کاشتکار مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں۔ڈائریکٹر جنرل زراعت نے مزید کہا کہ کاشتکار صوبہ کی اوسط پیداوار کو اپنی محنت اور محکمانہ مشورہ سے 36 من فی ایکڑ تک بڑھا سکتے ہیں۔امسال توسیعی کارکنان میگا فارمر گیدرنگ اور صوبائی و ضلعی سطح پر پیداواری مقابلہ جات کا انعقاد بھی کروا رہے ہیں اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالا جاوید اختر نے اپنے خطاب میں کہا کہ کسانوں میں تحریک اور ترغیب کے ذریعے زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کی بروقت کاشت کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ گندم کی اضافی پیداوار سے ملک میں فوڈ سیکیورٹی کی صورتحال کو اطمینان بخش بنایا جاسکے۔امسال ہمیں 10لاکھ ایکڑ گندم کی کاشت کا ٹارگٹ دیا گیا ہے۔گندم کی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت یقینی بنانے کیلئے کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی کیلئے پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے ساتھ میڈیا ویز کا بھی فیلڈ میں استعمال کیا جارہا ہے۔اس کے علاوہ گندم کے کاشتکاروں کو منظور شدہ اقسام کے بیج، جڑی بوٹی مار زہروں اور جدید مشینری پر سبسڈی فراہم کی جارہی ہے تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کرکے ملکی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے حکومت پنجاب نے گندم کی 15 نئی اقسام کے 90لاکھ تھیلوں کی کاشتکاروں تک فراہمی کو یقینی بنایا ہے۔کاشتکاروں کی فی ایکڑ پیداواری لاگت میں کمی کیلئے 1200 روپے فی تھیلا خصوصی سبسڈی فراہم کی گئی ہے۔انہوں نے کاشتکاروں پر زور دیا کہ رواں ماہ میں گندم کی کاشت کو یقینی بنایا جائے۔انھوں نے مزید کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے 2030 تک گندم کی پیداوار 36 من فی ایکڑ حاصل کرنا لازمی ہے۔کاشتکار زیادہ گندم کاشت کریں۔صوبہ پنجاب میں ترقی پسند کاشتکاروں نے 60 من فی ایکڑ تک پیداوار حاصل کی ہے۔اس موقع پر نجی کمپنی کے زرعی ماہر، ڈاکٹر سعید اقبال نے گندم کی فصل میں کھادوں کے متوازن استعمال پر تفصیلی روشنی ڈالی اور کاشتکاروں کو سفارش کی کہ وہ گندم کی فصل میں فاسفورسی اور نائٹروجنی کھادوں کے توازن کا خاص خیال رکھیں۔سرسبز کسان کنونشن میں ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت محکمہ زراعت کے افسران اور کسانوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆